ہم آپ ؐ سے ملاقات کرنے بچوں کے ساتھ ثنیة الوداع گئے

سائب بن یزید رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب آپ ؐ غزوہ تبوک سے واپس آئے، تو لوگوں نے آپ ؐ کا استقبال کیا میں نے بھی بچوں کے ساتھ ثنیة الوداع پر آپ ؐ سے ملاقات کی ایک دوسری روایت میں ہے:
”ہم آپ ؐ سے ملاقات کرنے بچوں کے ساتھ ثنیة الوداع گئے“
[یہ حدیث اپنی دونوں روایات کے اعتبار سے صحیح ہے] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے - اسے امام ابو داؤد نے روایت کیا ہے]

سائب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ ؐ صحابہ کرام کے ساتھ غزوہ تبوک سے واپس آ رہے تھے، لوگ ان کے استقبال کے لیے ثنیة الوداع تک گئے یہ مدینہ کے قریب ایک جگہ ہے مقصد تھا آنے والوں سے محبت کا اظہار، ان کی دل دہی اور جنگ میں شریک نہ ہونے والوں کی ترغیب

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/6386